نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

5اکتوبر 2010ء

برائے فوری اجراء

556/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کے C-17 اور C-130 طیاروں کا سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی مشن مکمل

اسلام آباد (5اکتوبر 2010ء) ___ اب جبکہ پاکستان میں سیلاب کا پانی اترنا شروع ہوگیا ہے اور امداد کی ترسیل فضائی کارروائیوں سے زمینی نقل وحمل پر مرکوز ہوگئی ہے، حکومت پاکستان نے حال ہی میں امریکہ کو مطلع کیا ہے کہ اسے C-17 یا C-130 اور دیگر بین الاقوامی مال بردار طیاروں کی مدد کی ضرورت نہیں رہی۔ پاکستان کی درخواست پر اور ان طیاروں کا مشن مکمل ہونے پر امریکی فوج نے گزشتہ ہفتے کے اختتام پر C-17 اور C-130 طیاروں کے ذریعے سیلاب زدہ علاقوں میں آخری امدادی پروازیں کیں۔

پاکستان میں امریکہ کے دفاعی نمائندے وائس ایڈمرل لی فیور نے کہا کہ ہمارے C-17 اور C-130 طیاروں کے عملے کو ضرورت کے وقت میں اپنے پاکستانی اتحادیوں کے ساتھ اشتراک کار اور فضائی راستے سے سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی سامان کیلئے ان کی ضرورت کو برق رفتاری سے پورا کرنے کا اعزاز حاصل ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہم مستقبل میں ضرورت پڑنے پر حکومت پاکستان کی درخواست پر مدد فراہم کرنے کیلئے ہر وقت تیار ہیں۔

اگرچہ جہازوں کے ذریعے سامان کی ترسیل اختتام کو پہنچ گئی ہے لیکن امریکہ سیلاب زدگان کو امداد فراہم کرنے کے اپنے عہد پر مضبوطی سے قائم ہے۔ یو ایس ایڈ اور امریکہ کے دیگر شہری ادارے پاکستان بھر میں سیلاب زدگان کی بحالی اور انسانی بنیادوں پر اُن کی امداد جاری رکھے ہوئے ہیں۔ علاوہ ازیں امریکہ کے فوجی ہیلی کاپٹرز کی تربیلا کے قریب غازی ایوی ایشن بیس اور سکھر کے نزدیک پنوں عاقل ایئر بیس سے امدادی پروازیں جاری ہیں جبکہ ہنگامی صورتحال میں خدمات انجام دینے والا امریکی فضائیہ کا یونٹ چکلالہ ایئر بیس سے ملک بھر میں سیلاب سے متاثرہ پاکستانیوں کو بین الاقوامی امداد پہنچانے میں مصروف ہے۔

ابتداء ہی سے امریکی فوج کے C-17 اور C-130 طیاروں نے پاکستان میں سیلاب کی امدادی کارروائیوں کے سلسلہ میں اہم خدمات انجام دی ہیں۔ اس آفت کے آغاز کے دنوں میں 436,000 حلال کھانے تقسیم کرنے کے علاوہ ان طیاروں اور ان کے عملے نے 5.5 ملین پاؤنڈز (تقریباً 2.5 ملین کلوگرام) وزنی انتہائی ضرورت کی اشیاء سیلاب سے متاثرہ لوگوں تک پہنچانے کیلئے پاکستان کی فوج اور نیشنل ڈیزاسٹر مینیجمنٹ اتھارٹی کے ساتھ قریبی اشتراک کار کے تحت کام کیا۔ پاکستان کے سیلاب زدہ علاقوں سے ہزاروں لوگوں کو نکالنے کے سلسلہ میں بھی ان طیاروں کو کلیدی حیثیت حاصل تھی۔

اب تک امریکہ کے فوجی عملے اور طیاروں نے پاک فوج کے اشتراک سے سیلاب زدہ علاقوں میں 14.5 ملین پاؤنڈز (6.6 ملین کلوگرام) امدادی اشیاء تقسیم کیں اور 21,000 افراد کو محفوظ مقامات تک پہنچایا ہے۔